ہمارا دشمن کون ؟ | محمد انور قریشی - ناشر انجمن خدامِ اسلام پاکستان ٹاؤن شپ - لاہور ۲ - قیمت درج نہیں

صنم پتھر کے | پروفیسر کمال عثمانی - امیر حزب اللہ - توحید روڈ کیماڑی کراچی - ناشر : شعبۂ نشر و اشاعت حزب اللہ (پتہ مذکور) مفت تقسیم - اس کتاب میں قبر پرستی اور متعلقہ مروجاتِ مشرکانہ کا مدلل بیان ہے -

اغلاط العوام فی احکام اسلام | چوہدری محمد سرفراز خان - موضع کالرہ گجرات کلاں - صفحات : ۱۵۰ قیمت درج نہیں -

ماہنامہ الرائد | عربی رسالہ جو المرکز الاسلامی ، مسجد بلال (آخن) اور اتحاد الطلبہ فی اوربا کی طرف سے ماہانہ شائع ہوتا ہے - اچھے مقالات و مضامین کا مجموعہ ہے - افتتاحیہ کے علاوہ سوالات کے جوابات بھی شائع ہوتے ہیں - سالانہ چندہ یورپ اور المغرب (عربی) میں ۳۰ مارک ہے - فی پرچہ ۴ مارک -

سوئے منزل | مرتبہ : رضا فاروقی - پتہ محبوب سبحانی - القریش - فسٹ ایڈ سنٹر ۲/۸ ۱۶۲ عزیز آباد - ڈھوک کھبا - راولپنڈی - صفحات ۶۴ - قیمت ۲/- روپے

یہ دینی و اصلاحی مضامین کا مجموعہ ہے اور اس کا سلسلۂ اشاعت نمبر ۶ ہے - یعنی اس طرح کے مجموعے مسلسل شائع ہوتے ہیں - مجموعوں کا یہ سلسلہ ادارۂ تعلیماتِ اسلامیہ راولپنڈی کے زیرِ اہتمام چل رہا ہے -

یارانِ وطن | اسلام آباد سے نکلنے والا ماہنامہ - ایڈیٹر : ضیا اقبال شاہد - مجلسِ مشاورت : اشفاق احمد ، ضیا جالندھری ، فتح محمد ملک ، پریشان خٹک ، کشور ناہید ، صلاح الدین محمد ، غلام ربانی آگرو ، عطا شاد ، پاکستان میں فی پرچہ ۵/- روپے - سالانہ ۵۰/- روپے -

اِس پرچے کا مقصد بیرونِ ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کے ساتھ ثقافتی رابطہ قائم رکھنا ہے - ان کے لیے کچھ معلوماتی مواد بھی چھپتا ہے - پرچے میں ادب بہت ہے اور ثقافت اور بھی "بہت" - گانے بجانے ، رقص کرنے کے فنونِ لطیفہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے - رنگوں اور ڈیزائننگ کا زور ہے - ان وجوہ سے عام ذہن کے لیے پرچہ بڑا پرکشش ہے - غالباً سرکاری اہتمام سے شائع ہوتا ہے -

مجلۃ العلماء | ماہانہ رسالہ زیرِ نگرانی مولینا گلزار احمد مظاہری ، صدر علماء اکیڈمی ، منصورہ ملتان روڈ ، لاہور - صفحات : ۴۸ - قیمت فی شمارہ ۵/- روپے - اچھے طباعتی معیار کے اس رسالہ میں دینی و اخلاقی افادیت کے مضامین جمع ہیں -